سنٹرل پنجاب کا پی سی بی انڈر16 نیشنل ون ڈے ٹورنامنٹ کا کامیاب دفاع

راولپنڈی، 23فروری 2021ء:

پی سی بی انڈر16 نیشنل ون ڈے ٹورنامنٹ کے فائنل میں سنٹرل پنجاب نے ناردرن کو 5 وکٹوں سے ہرا کر ٹائٹل اپنے نام کرلیا۔ فاتح ٹیم نے 184 رنز کا مطلوبہ ہدف 41 اوورز میں 5 وکٹوں کے نقصان پر حاصل کرکے چیمپئن کی چمچماتی ٹرافی اپنے نام کی۔

عبید شاہد 5 چوکوں کی مدد سے 51 رنز بنا کر ٹاپ اسکورر رہے۔ اوپنر موسیٰ عظیم 34 اور راجہ بلاج 33 رنز بنا کر آؤٹ ہوئے۔ ناردرن کے سعد مسعود نے 2 وکٹیں حاصل کیں۔

اس سے قبل سنٹرل پنجاب کی ٹیم ناردرن کی دعوت پر پہلے بیٹنگ کرتے ہوئے مقررہ 45 اوورز میں 183 رنز بنا کر آؤٹ ہوگئی۔ اوپنر شمائل حسین 35 اور آلراؤنڈر عامر حسن 30 رنز بنا کر آؤٹ ہوگئے۔ شیراز خان نے 29 اور محمد رفیق نے 23 رنز بنائے۔

سنٹرل پنجاب کے ابتسام الرحمٰن اور اویس علی نے بالترتیب 34 اور 37 رنز کے عوض 3،3 کھلاڑیوں کو پویلین کی راہ دکھائی۔ محمد شوبان نے 2 وکٹیں حاصل کیں۔

میچ میں عمدہ باؤلنگ کرنے پر فاسٹ باؤلر ابتسام الرحمٰن کو پلیئر آف دی فائنل قرار دیا گیا۔

اُدھر عرفات احمد کو ایونٹ کے 5 میچوں میں 312 رنز اور 9 وکٹیں حاصل کرنے پر ٹورنامنٹ کا بہترین کھلاڑی قرار دیا گیا۔

سنٹرل پنجاب کے عبید شاہد 6 میچوں میں 116 کی اوسط سے 348 رنز بنا کر ایونٹ کے بہترین بلے باز رہے۔ انہوں نے ایونٹ میں 2 سنچریاں اور 2 نصف سنچریاں بنائیں۔

سنٹرل پنجاب کے ابتسام الرحمٰن 6 میچوں میں 15 وکٹیں حاصل کر کے سب سے بہترین باؤلر قرار پائے۔

وکٹوں کے پیچھے 8،8 شکار کرنے پر سنٹرل پنجاب کے التمش عباس اور سدرن پنجاب کے عدنان شاہد کو مشترکہ طور پر بہترین وکٹ کیپر کا ایوارڈ دیا گیا۔

خیبر پختونخوا کے احمد حسین کو ٹورنامنٹ میں 7 کیچز تھامنے پر بہترین فیلڈر قرار دیا گیا۔

– ENDS –

Media contact:

Ibrahim Badees Muhammad
Editor – Urdu Content
Media and Communications